نزہت انیس

ریسرچ اسکالر

شعبۂ اردو، جامعہ کراچی

برصغیر کا نوآبادیاتی پس منظر اور سر سیّد احمد خان: تحقیقی و تجزیاتی مطالعہ

ABSTRACT

Post-colonial Background of sub-continent, Sir Ahmed Khan and Urdu Literature

By Nuzhat Anees, Research Scholar, Department of Urdu, University of Karachi.

Post colonialism, signals a possible future of overcoming colonialism, yet new form of dominations can come in the wake of such changes, including new forms of global empire.

Post colonialism should not be confused with the claim that the world we live in now is actually devoid of colonialism. In search of cheap labor and cheap raw material, the British Empire colonized India. Syed Ahmed Khan was a leading educationist and reformer. He possessed the intellectual resources to reconcile matters of faith with the more immediate task of rescuing Muslims from their downward spiral. During this colonial period Sir Syed Ahmed Khan began his movement to reform the educational, social and literary environment. He also began writing in the same period.

This paper evaluates Sir Syed's writings against the backdrop of this milieu.

نوآبادیاتی نظام، جس سے مراد ایک علاقے والوں کا دوسرے علاقے میں جا کر اپنی نئی آبادیاں بنانا اور اِردگرد کے علاقوں پر قبضہ کرکے اسے توسیع دینا اور وہاں کے اصل باشندوں پر اپنے قوانین معاشرت اور حکومت کو مسلّط کرنا ہے۔[۱] یورپ کی تاریخ میں سترھویں اور اٹھارویں صدی نوآبادیات کے پھیلاؤ کی کوششوں سے عبارت ہے۔ اس دوران یورپی ممالک کا مقصد شہنشاہیت کو مستحکم کرنا، مطلق العنان بنانا اور دُنیا کے دیگر خطوں پر پھیلانا تھا۔[۲] ان یورپی بادشاہتوں کو غیر مستحکم اور وحشی علاقوں میں جن اشیا نے اپنی طرف متوجہ کیا ان میں سونا، دیگر دھاتیں، مصالحہ جات، ہاتھی دانت اور غلام تھے مگر یہ طاقتیں صرف غیر مہذب اور غیر ترقی یافتہ علاقوں کی ملکیت ہی کے لیے نہیں بلکہ ایشیا کے مہذب اور گنجان آباد ممالک کے لیے بھی آپس میں دست و گریبان رہیں۔ ہندوستان میں برطانوی شہنشاہیت، ایسٹ انڈیز میں ڈنمارک کی املاک اور دیگر

بڑی طاقتیں بھی ایران، سلطنت عثمانیہ، چین اور جاپان کی فتوحات کے لیے بے چین رہیں۔ جب مغربی یورپ نے اپنی برتری کے دائرۂ کار کو دُنیا بھر کے سمندروں کے پار پھیلایا تو ان میں خاص طور پر ولندیزی، سکنڈے نیوی، ہسپانوی، پرتگیزی، فرانسیسی اور برطانوی شامل تھے۔[۳] اس مقصد کے لیے سترھویں صدی میں ایشیا کے وہ ممالک جو فوجی لحاظ سے کمزور تھے پہلے ان پر حملے شروع ہوئے اس وقت انڈونیشیا اور فلپائن پر مسلمانوں کی بڑی حکومتیں تھیں۔ اسپین والوں نے سب سے پہلے فلپائن اور پھر ہالینڈ والوں نے انڈونیشیا پر قبضہ کیا۔ برّصغیر میں انگریزوں نے شمالی اور مغربی افریقہ میں فرانسیسیوں نے اور سلطنتِ عثمانیہ کے شمالی حصّوں میں روسیوں نے مداخلت شروع کی۔[۴]

ہندوستان ایک بڑا ملک تھا، اتنا کہ اسے چھوٹا برّاعظم کہا جاسکتا تھا۔ اس کا ساحل پانچ ہزار میل، خشکی کی سرحد چھ ہزار میل اور پندرہ سو میل تک شمال میں پھیلا ہوا ہمالیہ کا پہاڑی سلسلہ تھا۔ اسے مختلف ادوار میں مختلف اقوام نے اپنا مسکن بنایا تھا یہی وجہ تھی کہ ہندوستان مختلف تمدنوں کا آمیزہ بن گیا تھا۔ کول، بھیل، دراوڑ، آریا اور منگول اقوام، موریا خاندان، شہنشاہ اشوک، گپت سلطنت، برہمن مت، ہن اقوام، بدھ مت وغیرہ نے یہاں مختلف ادوار میں اپنی اپنی حکومتیں قائم کیں۔[۵]

اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ پوری دُنیا کی تاریخ میں اسلام نہایت سہولت کے ساتھ پھیلا ''جس جگہ ایک مسلمان کا گزر ہوگیا وہاں مذہب اسلام قائم ہوگیا''۔[۶] ہندوستان میں بھی آٹھویں صدی سے ہی مسلمان تاجر عراق سے آتے اور جنوبی ہند کے ساحلوں پر آباد ہوتے رہے تھے جہاں تک ان علاقوں پر مسلمانوں کی حکومت کا تعلق ہے تو حضرت عمرؓ کے دور میں بلوچستان، سیستان اور کرمان وغیرہ پر مسلمانوں کی حکومت رہی تھی۔ ۷۱۲ء میں محمد بن قاسم کے حملے سے پہلے ہی قدیم سندھ میں، بلوچستان کے بعض علاقوں میں، گجرات، کاٹھیاوار اور جنوبی پنجاب کے علاقے جو ملتان تک شامل تھے یہاں مسلمانوں کے ساتھ ہندو راجاؤں کی بھی حکومتیں تھیں۔ یہ علاقے قریباً دو سو سال تک اموی اور عباسی حکومتوں کے تحت رہے تھے اور ان کے کمزور ہوجانے کے بعد یہاں آزاد ریاستیں قائم ہوئی تھیں[۷] اور محمد بن قاسم کے بعد یہاں غزنوی، غوری، خاندانِ غلاماں، خاندانِ خلجی، خاندانِ تغلق وغیرہ کی حکومتیں اہمیت کی حامل رہیں۔ سلطنت دہلی کے زوال کے بعد یہاں کئی حکومتیں بنیں جن میں کشمیر، دکن کی بہمنی حکومت، بیجاپور کے عادل شاہی سلاطین، نظام شاہی سلاطین، گولکنڈہ کے قطب شاہی سلاطین، سلاطینِ بنگال اور لودھی سلاطین وغیرہ اہم رہے۔[۸] ان کے بعد دہلی میں سلطنتِ مغلیہ یا تیموریہ کے نام سے مرکزی حکومت قائم ہوئی اس سلطنت کا بانی ظہیرالدین محمد بابر تھا۔ اس نے اپریل ۱۵۲۶ء میں پانی پت کی پہلی جنگ میں ابراہیم لودھی کو شکست دی اور کُل ہندوستان کو بتدریج ایک ہی حکومت کے تحت کیا۔ وہ عظیم مغلیہ سلطنت جس کی برّصغیر میں بنیاد بابر نے رکھی تھی وہ ۱۸۵۷ء میں آخری مغل بادشاہ، بہادر شاہ ظفر پر آکر ختم ہوئی۔ اگر درمیان سے سوری خاندان کے سولہ سال نکال دیے جائیں تو یہ حکومت ۳۱۵ سال قائم رہی۔[۹] مسلمانوں کے تمام ادوار میں اس خطۂ زمین نے بے حد ترقی کی۔ اورنگ زیب عالمگیر کی وفات (۱۷۰۷ء) تک کا دور مغلوں کا عہدِ عروج کہلاتا ہے۔ یہ ڈیڑھ سو سال کی مدّت کا دور بغاوتوں سے خالی

تھا۔ زراعت وصنعت کو فروغ حاصل ہوا، مخمل، ریشم، سوت اور اون کے کپڑے، قالین، کاغذ سازی، زردوزی، ریشمی کشیدہ کاری کی صنعتیں یہاں بہت ترقی یافتہ تھیں۔ فنِ تعمیر میں مغلوں نے ترکی اور ایرانی طرزِ تعمیر کو ملا کر تیموری طرزِ تعمیر ایجاد کیا۔ یہاں فنِ اسلحہ سازی اتنا ترقی یافتہ تھا کہ سلطنتِ عثمانیہ کے علاوہ کہیں اور اتنا اچھا توپ خانہ نہیں تھا۔[۱۰]

برّصغیر کے مختلف حصّوں میں مسلمانوں کی دلچسپی اور مسلم درباروں کی سرپرستی کی وجہ سے ہی یہاں دیسی زبانوں کے ادب ترقی کے مراحل سے گزرے۔[۱۱] اسلامی تمدن کے اثرات بھی ہندو طرزِ معاشرت پر اخلاقی لحاظ سے بہتر انداز میں مرتب ہوئے کیوں کہ مسلمانوں سے پہلے یہاں برہمنوں کے علاوہ دوسرے لوگ علم حاصل نہیں کر سکتے تھے مگر مسلم دورِ حکومت میں یہاں ہر طبقے میں بہترین ادیب پیدا ہوئے کیوں کہ یہاں ہندوؤں اور دیگر تمام مذاہب کے ماننے والوں کو آزادی حاصل تھی کہ وہ اپنے مذہب کی حمایت میں آسانی سے لکھ بھی سکتے تھے اور بحث بھی کر سکتے تھے۔[۱۲]

برّصغیر میں اورنگ زیب کی وفات کے بعد مغل دورِ حکمرانی مائل بہ زوال ہوا۔ اس کے جانشینوں میں اقتدار کے لیے باہم جنگیں شروع ہوئیں۔[۱۳] مزید یہ کہ یہاں ڈیڑھ سو سال کی خوشحالی سے شاہی خاندان عیش وعشرت میں مبتلا ہو چکا تھا، امرا بادشاہ کے بجائے اپنی ذات کے وفادار ہو چکے تھے اور ساتھ ساتھ یہ لوگ ترکستانی، ایرانی اور ہندوستانی گروہوں میں بھی تقسیم ہو چکے تھے۔ محمد شاہ (۱۷۲۰ء۔۱۷۴۸ء) کے زمانے میں مرہٹوں نے زور پکڑا۔ وہ مسلمانوں سے آزادی چاہتے تھے۔ اس وقت ایک طرف تو جنوب سے مرہٹوں کا ہنگامہ برپا ہوا تو دوسری طرف شمال سے ایران کا حکمران نادر شاہ قندھار، کابل، پشاور اور لاہور کو فتح کرتا ہوا دہلی تک آ پہنچا مگر وہ حکومت کیے بغیر ہی واپس چلا گیا۔ ان تمام معاملات سے مغلیہ سلطنت کا ڈر نکل گیا اور کئی صوبیداروں نے اپنے صوبوں میں آزاد حکومتیں قائم کر لیں۔[۱۴]

جب مغلیہ سلطنت میں زوال کے آثار نمایاں ہوئے تو یورپی اقوام نے بھی ہندوستان پر قدم جمانے کے ارادے کیے۔ برّصغیر میں یورپ کی اقوام کی یلغار پندرھویں صدی عیسوی میں ہوئی۔ یورپ کی تین اقوام برّصغیر تک رسائی میں کامیاب ہوئیں۔ برطانوی، پرتگالی اور فرانسیسی۔ برطانویوں نے یہاں برٹش ایسٹ انڈیا کمپنی، پرتگالیوں نے ڈچ ایسٹ انڈیا کمپنی اور فرانسیسیوں نے فرنچ ایسٹ انڈیا کمپنی کے نام سے تجارتی کمپنیاں قائم کیں۔ مگر برطانویوں نے اپنی ''انتظامی صلاحیت اور چالاکیوں'' سے باقی دونوں کی طاقت کا خاتمہ کر دیا اور مختلف معاہدات کے تحت انھیں صرف ساحلی علاقوں تک محدود کر دیا۔[۱۵]

یہ وہ وقت تھا جب یورپ میں تاجروں کے جہازی قافلے ایک دوسرے کو لُوٹنا ہی تجارت سمجھتے تھے اس وقت بہت سے تاجر مل کر کمپنی بناتے تھے اور اپنی حکومت سے فرمان حاصل کرتے تھے۔ لندن کے تاجروں نے بھی مل کر برٹش ایسٹ انڈیا کمپنی بنائی جسے ملکہ الزبتھ اوّل نے ۳۱ر دسمبر ۱۵۹۹ء کو راس امید سے آگے ممالک میں پندرہ سال کے لیے تجارت کی اجازت دی۔ انگریزوں کا پہلا جہاز ''ہیکٹر'' ۲۴ر اگست ۱۶۰۰ء[۱۶] کو سورت پہنچا۔ اس جہاز کا کپتان ''ولیم ہاکنس'' ایک بحری

لٹیرا تھا۔ برّصغیر میں اس وقت جہانگیر کا دورِ حکومت تھا۔ برطانیہ میں ملکہ الزبتھ اوّل کے بعد جب جیمز اوّل نے برّصغیر کے معاملات میں دلچسپی لی اور جہانگیر کے دربار میں اپنے سفیر تھامس رو کو بھیجا۔ یہ تین سال یہاں رہا۔ انگریز بہت بعد، ۱۶۳۳ء میں اور بہت مشکل سے جہانگیر کے دربار سے، سورت میں کارخانہ قائم کرنے اور اس کے گرد فصیل بنانے کی اجازت حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے۔ شاہجہاں کے زمانے میں انھوں نے ہنگامے کی کوشش کی مگر شاہی افواج نے ان پر قابو پالیا، اورنگ زیب کے زمانے میں بمبئی میں لڑنا چاہا تو اورنگ زیب کے سپہ سالار نے انھیں شکست دی اور افعالِ گزشتہ کی معافی مانگنے پر انھیں دوبارہ برّصغیر میں رہنے کی اجازت ملی مگر گزرتے ہوئے وقت کے ساتھ ان کے لیے حالات سازگار ہوتے گئے۔ وہ اپنی تجارتی کوٹھیاں بتدریج قلعوں میں تبدیل کرتے گئے اور اپنے تجارتی قافلوں میں افواج کی تعداد بڑھاتے رہے۔(۱۷) ہندوستان کا شہر مدراس ان کا سب سے بڑا مرکز تھا۔ وہ وہاں طاقتور ہوئے اس کے علاوہ انھوں نے کرناٹک میں بھی قوت حاصل کی۔ پھر ہندوستان کا سب سے ترقی یافتہ اور دولت مند صوبہ بنگال ان کا نشانہ بنا اور ۲۱ رجولائی ۱۷۵۷ء کو انھوں نے سراج الدولہ کو پلاسی کے میدان میں شکست دی۔ سراج الدولہ جیسے جرنیل کو شکست انگریز نے بہادری سے نہیں بلکہ سازشوں کے ذریعے دی تھی اور اس فتح میں ان کے مددگار رائے چند، لطف خان، میر جعفر، مانک چند، راج بلب اور درلاب جیسے ضمیر فروش تھے۔(۱۸) سراج الدولہ کو پلاسی کے میدان میں شکست دے کر انگریز برّصغیر میں تجارت کے ساتھ حکومت کے بھی حصّے دار بن گئے۔(۱۹) پلاسی کے صرف ۷ سال بعد ۱۵ رستمبر ۱۷۶۴ء کو بکسر کی جنگ میں شجاع الدولہ کی شکست نے انھیں یہاں اور بھی مضبوط کر دیا۔ شاہ عالم اگرچہ ہندوستان کے شہنشاہ کہلاتے تھے مگر ان کی حیثیت ''بے ملک نواب'' کی طرح تھی اور یہ بے ملک نواب اس وقت اپنے وزیر کے ساتھ الٰہ آباد میں مقیم تھا۔ بنگال کی انگریزی مقبوضات کے گورنر کلائیو نے ۱۷۶۵ء میں اس ''بے نام بادشاہ کی بادشاہت'' کو تسلیم کر کے ان کی ظاہری شان و شوکت کو برقرار رکھنے کے لیے کورہ اور الٰہ آباد کے اضلاع ان کے حوالے کر دیے اور پھر اس بادشاہ سے وہ کمپنی کے نام پر دیوانی حاصل کر کے ایک طرف وہ بنارس اور الٰہ آباد پر قبضے میں کامیاب ہوئے تو دوسری طرف اس صلح نے شاہ عالم کو کمپنی کا باج گزار بھی بنا دیا۔(۲۰) اور پھر میسور کے حکمران حیدر علی اور اس کے بیٹے ٹیپو سلطان سے چار جنگوں پھر ۱۷۹۹ء میں ٹیپو سلطان کی شہادت کے بعد میسور فتح کر کے جنرل ہارس نے یہ نعرہ لگایا کہ ''آج سے ہندوستان ہمارا ہے۔''(۲۱)

بقول لارڈ میکالے، جنگ پلاسی کے بعد کی حالت کا نقشہ کچھ اس طرح تھا:

> دولت کی وہ موسلا دھار بارش جو کمپنی اور اس کے ملازمین پر برسی اس کا کچھ حد و حساب نہ تھا۔(۲۲)

۱۸۱۵ء کے بعد سے یورپ کی تاریخ ان کی ترقی کی تاریخ رہی۔(۲۳) اٹھارویں صدی میں برطانیہ میں تین انقلاب رُونما ہوئے۔ اوّل صنعتی انقلاب، دوم امریکا اعلانِ آزادی، سوم انقلابِ فرانس۔ وہ صنعتی انقلاب جس نے برطانیہ کی تہذیب و

تمدن کا رُخ بدل دیا اس کا تعلق براہِ راست ہندوستان سے تھا۔ ہندوستان جو اس وقت چین کے بعد دُنیا کا دوسرا دولت مند ملک تھا۔ اس کا جی ڈی پی عالمی معیشت کا ۲۵ فیصد تھا، جب کہ اس وقت برطانیہ کا ا۹ء فیصد تھا۔ ول ڈیورنٹ اپنی کتاب ''تہذیب کی داستان'' میں لکھتے ہیں کہ ''ہندوستان میں ٹیکسٹائل، اسٹیل اور جہاز سازی کی صنعتیں ترقی یافتہ تھیں لیکن جب برطانیہ نے قبضہ کیا تو ساری صنعتیں تباہ ہوگئیں'' کمپنی نے جس طرح ہندوستان کی صنعتوں کو تباہ کیا اس کا اندازہ ولیم بولٹس کے ۱۷۷۲ء میں کہے جانے والے ان الفاظ سے لگایا جا سکتا ہے:

> تمام اندورنِ ہند کی تجارت اور کمپنی کا ایک خاص طریقے پر ہندوستان میں روپے لگانا یہ سب مسلسل مظالم کا ایسا منظر ہے جس کے بُرے اثرات کو ہندوستان کا ہر کپڑا بُننے والا محسوس کر رہا ہے۔ ہر سامان جو تیار کیا جاتا ہے وہ کمپنی کی ملکیت بن جاتا ہے اور انگریز اپنے بنیوں اور گماشتوں کے ذریعے انتہائی تکبر سے یہ طے کرتے ہیں کہ ہر کاریگر کتنا مال کس قیمت پر دے گا۔ جب ان باتوں کے تصفیے سے ہندوستانی جلاھے کمپنی سے پیشگی روپیا لینے سے انکار کرتے ہیں تو وہ روپیا زبردستی ان کی کمر میں بندھوا دیا جاتا ہے اور پھر اس جلاھے کو کوڑے لگائے جاتے ہیں۔ اس محکمے میں جو بدمعاشیاں کی جاتی ہیں وہ وہم و قیاس میں بھی نہیں آسکتیں۔ کمپنی کے گماشتے جو نرخ مقرر کرتے ہیں وہ بازار کے نرخ سے چالیس فیصد کم ہوتا ہے۔ ریشم کاتنے والے بے شمار کاریگروں نے ان تکالیف سے تنگ آ کر اپنے انگوٹھے کٹوا لیے ہیں۔ (۲۳)

برطانیہ کا وہ صنعتی انقلاب جس سے دورِ جدید کا جنم ہوا تھا اور وہ دورِ جدید جس کی تقریب رُونمائی برطانیہ میں ہوئی تھی اس کا تمام تر خرچہ مسلم ہندوستان نے اُٹھایا تھا۔ غرض یہ کہ ہندوستان کو برطانیہ کی نوآبادیاتی لُوٹ مار کی بدترین مثال کہا جا سکتا ہے۔ (۲۴)

ہندوستان میں انگریزوں نے ۱۸۰۳ء میں دہلی، آگرہ، علی گڑھ پر بھی قبضہ کرلیا اور لال قلعہ پر فوجی دستہ تعینات کر دیا اس سبب یہ کہنا درست ہوگا کہ اکبر شاہ دوم (۱۸۰۶ء۔ ۱۸۷۳ء) اور بہادر شاہ ظفر (۱۸۳۷ء۔ ۱۸۵۷ء) صرف لال قلعہ کے ہی حکمران رہ گئے تھے۔ (۲۵) انگریز کی معاشی لُوٹ مار اور دیگر مظالم کے خلاف نفرت، جوش اور انتقام تو ملک کے کونے کونے میں ہی جنم لے چکا تھا لیکن اس کی ابتدا ۱۰ رمئی ۱۸۵۷ء (۲۶) کو میرٹھ چھاؤنی سے ہوئی (۲۷) مگر انگریز کے خلاف یہ جنگ جو مسلمانوں اور ہندوؤں نے ساتھ شروع کی تھی ناکام ہوئی۔ بہادر شاہ ظفر گرفتار ہوئے اور تیس ہزار شہزادگان گرفتار کرکے بیرونِ دروازۂ دہلی قتل کیے گئے۔ ان میں بادشاہ کے بیٹے، پوتے، نواسے اور داماد وغیرہ شامل تھے۔ اس کے علاوہ انگریزوں نے دہلی میں پُرامن شہریوں کے قتلِ عام کی حکمت عملی پر بھی عمل کیا۔ (۲۸) بہادر شاہ ظفر پر بغاوت کے جرم میں ایک

مقدمہ چلایا گیا جس کی کاروائی دہلی میں ۲۷/جنوری ۱۸۵۸ء کو یورپی کمیشن کے تحت عمل میں آئی، قلعۂ دہلی کے دیوانِ خاص میں اس کی کاروائیاں ہوئیں۔[۲۹] مقدمے کی سماعت کرنے والی عدالت نے اس اعتراض کو کہ ''جو شخص قانون کی رو سے فرمانروا ہو وہ اپنے گماشتوں کے خلاف بغاوت نہیں کرسکتا'' نظرانداز کردیا۔[۳۰] ۹/مارچ ۱۸۵۸ء کو انھیں رنگون جلا وطن کیا گیا اور انھوں نے وہیں ۷/نومبر ۱۸۶۲ء کو سخت مفلسی اور بے بسی میں اپنی زندگی ختم کی۔[۳۱] ۱۸۵۷ء کی ناکامی وہ جنگی ناکامی تھی جس نے معاشرے کے ہر فرد کو متاثر کیا۔[۳۲] جنگ کے خاتمے پر ہندو اور مسلمانوں میں نفاق پیدا ہوا مگر برطانوی افسران کے دلوں میں مسلمانوں کے حوالے سے شک زیادہ تھا۔[۳۳] وہ انھی کو ''شورش کا بانی، اپنا دُشمن اور غدار سمجھ کر مٹانے پر تلے ہوئے تھے'' مفتوح ہندو بھی تھے مگر انگریز انھیں اپنا مخالف نہیں بلکہ دوست سمجھتے تھے۔ اس وقت مسلمانوں کی حالت نازک اور قابلِ رحم تھی۔[۳۴] اس آزادی کی جنگ کے انتقام کے طور پر مسلمانوں کے ساتھ جو کچھ کیا گیا اس کی فہرست طویل ہے، خاص طور پر دہلی میں تو مسلمانوں کے محلّے اُجاڑ کر ان کی جگہ ہندوؤں کو بسایا گیا۔ برّصغیر کا ہر علاقہ انگریز کے انتقام کا نشانہ بنا۔ قتل عام کیے گئے، عمارتیں گرادی گئیں، درس گاہیں ویران کردی گئیں، خانقاہیں اور بزرگوں کے رُوحانی مراکز اُجاڑ دیے گئے۔ شاہی قلعے کا وہ کتب خانہ جس کا نام و نشان مٹادیا گیا اس میں ہمایوں کے ذخائر، اکبر کے زمانے کی ترجمہ شدہ کتابیں، جہانگیر کے زمانے کے صناعی و کاریگری کے نمونے تھے۔ اس کے علاوہ مفتی صدرالدین آزردہ کا کُتب خانہ مدرسۂ دارالبقاء، نواب ضیاءالدین احمد کا کُتب خانہ، مرزا حسین صاحب کا کُتب خانہ، تمام اہم مقبروں اور خانقاہوں کے کُتب خانے غرض یہ کہ ان کی فہرست بہت طویل ہے۔[۳۵] تحریک مجاہدین[۳۶] کے خلاف باقاعدہ کاروائی کی گئی، بے شمار علما کو پھانسی دی گئی کیوں کہ پنجاب اور سرحد میں انگریز اور مجاہدین کے درمیان جھڑپوں کا سلسلہ ۱۸۵۲ء سے ۱۸۵۷ء تک جاری رہا۔[۳۷] عام لوگوں پر گولیوں کی بوچھار کوچ کرتے ہوئے سپاہیوں کا مشغلہ تھا۔ مسلمانوں کو سور کی کھالوں میں سلوانا اور ان پر سور کا خون ملنا اور مسلمانوں کا ساتھ دینے والے ہندوؤں کے منہ میں گائے کا گوشت ٹھونس دینا اور لاشوں کے اعضا کاٹ دینا ایک عام بات تھی۔[۳۸] کمپنی کے دور میں ہونے والے مظالم کے حوالے سے ڈبلو ڈبلو ہنٹر اپنی کتاب میں لکھتے ہیں:

> پریزیڈینسی شہر کے دفتر کی معمولی ملازمتوں میں مسلمانوں کا حصّہ تقریباً معدوم ہو چکا ہے۔ اب اس سے بڑھ کر اور کوئی اُمید بھی نہیں رکھ سکتے کہ قلی، چپڑاسی، دواتوں میں سیاہی ڈالنے والے یا قلموں کو ٹھیک کرنے کے سوا یہ اور کوئی ملازمت کرسکیں۔[۳۹]

یکم نومبر ۱۸۵۸ء کو ہندوستان کمپنی کی حکومت سے تاجِ برطانیہ کے تحت آ گیا۔ اس وقت یہ ایک رسمی اعلان ہی تھا کیوں کہ ۱۸۵۳ء کے چارٹر ایکٹ سے کمپنی کے سیاسی اقتدار کا پہلے ہی خاتمہ ہو چکا تھا۔[۴۰]

اس تمام صورت حال سے مسلمان غریب ہوتے گئے۔ یہ وہی قوم تھی جو ایک صدی پہلے تک تمام حکومت کی اجارہ دار تھی اب نظامِ حکومت میں اس کا تناسب ایک اور تین کا رہ گیا تھا۔[۴۱] برّصغیر کے مسلمانوں کی تاریخ کا یہ بڑا ہی المناک

وقت تھا۔ اس وقت ان تمام تر حالات میں شکست خوردہ قوم میں اعتماد اور مستقبل کے حوالے سے یقین پیدا کرنے والی سرسیّد کی علی گڑھ تحریک ایک ہمہ گیر تحریک ثابت ہوئی۔(۴۲) سرسیّد احمد خان نے ۱۸۵۷ء سے پہلے کی حالت بھی دیکھی تھی اور بعد کی بھی۔ اور یہ بات بھی ان کے علم میں تھی کہ زوال کے آثار اس وقت سے پہلے ہی شروع ہو چکے تھے(۴۳) مگر یہ وقت جو ''ہندوستان کی قوموں کی قسمت کا فیصلہ کرنے والا اور سرسیّد کے خیالات میں ایک انقلابِ عظیم پیدا کرنے والا'' تھا۔(۴۴) اس وقت سرسیّد کمپنی کی ملازمت میں تھے۔ وہ بجنور کے ''صدر امین'' تھے۔(۴۵) اس وقت انھوں نے تباہی، بربادی اور ذلّت کے جو مناظر اپنی آنکھوں سے دیکھے وہ فراموش کرنے کے قابل نہیں تھے۔ انھوں نے کہا:

> ...... میں اس وقت ہرگز نہیں سمجھتا تھا کہ قوم پھر سے پنپے گی اور کچھ عزت پائے گی اور جو حال اس وقت قوم کا تھا مجھ سے دیکھا نہ جاتا تھا۔ چند روز میں اسی غم میں رہا۔ آپ یقین کیجیے کہ اس غم نے مجھے بڈھا کر دیا اور میرے بال سفید کر دیے......(۴۶)

سرسیّد نے اپنے دل میں اس وقت جس درد کو جگہ دی وہ مرتے دم تک ان کے ساتھ رہا(۴۷) قوم جو حالتِ نزع میں تھی ان کی جدوجہد قوم کو ابدی ذلّت سے بچانے اور قومی زندگی کا رُخ موڑنے میں معاون و مددگار ہوئی۔ وہ انگریزوں کی سیاسی نکتہ آفرینیوں کو سمجھتے تھے۔ ان کی حکومت، ان کی طاقت اور ان کی مضبوطی سے واقف تھے۔ سرسیّد کو انگریز حکومت سے محبت میں ہی قوم کی بہتری کا راستہ دِکھائی دیا۔ یہی وجہ تھی کہ وہ مسلمانوں کو کسی ایسی تحریک یا جماعت میں ملوث نہیں دیکھنا چاہتے تھے جو حکومت کی ناراضگی کا باعث ہو۔(۴۸) سرسیّد پر انگریزوں کی وفاداری کا الزام لگایا گیا کہ انھوں نے سامراج دوستی کا حق ادا کیا مگر اس وفاداری کا صلہ انھوں نے ذاتی مفاد کے بجائے قومی فلاح کی صورت میں حاصل کیا اور مسلمانوں کی عزت کے معاملے میں ان کے اندر کبھی کوئی لچک نہیں دیکھی گئی۔(۴۹) اس کی ایک مثال آگرے کے دربار کی تھی۔ ۱۸۶۷ء میں سرسیّد اس دربار سے اس لیے ناراض ہوکر چلے گئے تھے کہ وہاں انگریزوں اور ہندوستانیوں کی نشستوں میں امتیاز رکھتے ہوئے ہندوستانیوں کو انگریزوں کے مقابلے میں نیچے جگہ دی گئی تھی، جب کہ اس دربار میں انھیں طلائی تمغہ ملنے والا تھا۔ ۱۸۸۸ء میں جب سرسیّد کو بمقام علی گڑھ کے سی ایس آئی کا خطاب ملا تو اس وقت کلکٹر علی گڑھ مسٹر کینڈی نے سرسیّد کی تعریف میں جو تقریر کی اس میں یہ بھی کہا کہ ''یہ وہ شخص ہے جس نے اپنے واسطے کبھی کچھ نہیں چاہا بلکہ ہر چیز اپنے ملک کے واسطے چاہی'' مگر اس وقت ان کی اپنی ہی قوم ان کو کافر، ملحد، لامذہب، دجال اور کرسٹان کے خطاب دیتی رہی اور کفر کے فتوے لگاتی رہی اور اودھ پنچ میں ہنسی اُڑاتی رہی۔(۵۰) غرض یہ کہ سرسیّد کا مقصد مسلمانوں کو ان کی کھوئی ہوئی عظمت دلانا تھا اور ان کے مقاصد کی راہ میں انگریز اور ہندوؤں کے علاوہ خود مسلمان بھی حائل تھے۔(۵۱) یقیناً سرسیّد ایسے مجاہد تھے جنھوں نے قوم کو گالیاں کھا کر دُعائیں دیں۔(۵۲)

ایک مرتبہ انڈین آبزرور کے ایک مقالہ نگار نے مسلمانوں کے لیے سور کا لفظ استعمال کیا تو سرسیّد نے کہا:

> ہماری رائے یہ ہے کہ اس زمانے میں مسلمانوں کی ایسی حالت ہے کہ جو لفظ سخت اور

خراب سے خراب ان کی نسبت استعمال کیے جائیں وہ سب درست اور بجا ہیں اور اسی سبب سے ان سویلائزڈ الفاظ سے جو انڈین آبزرور میں آرٹیکل لکھنے والے نے ہم مسلمانوں کی نسبت لکھے ہیں، ہم کو کچھ کرنا ناراضی نہیں ہوتی بلکہ اس قسم کی تحریر سے ہم کو توقع ہوتی ہے کہ ہماری قوم کو غیرت اور شرم آئے گی اور وہ اپنی حالت کی درستی اور اصلاح پر متوجہ ہوگی۔ (۵۳)

سرسیّد اس دُکھ کو محسوس کرتے تھے اس لیے کہا:

ہماری قوم کا جو حال ہے وہ غیر قوموں کی نظروں میں نہایت حقارت سے دیکھا جاتا ہے۔ (۵۴)

سرسیّد کا جہاد ہمہ جہت تھا۔ انھوں نے ہندوستان کے مسلمانوں کی ہر شعبہ ہائے زندگی میں رہنمائی کی اور مذہب، سیاست اور اخلاق کے میدانوں میں اصلاح کا بیڑا اُٹھایا۔ (۵۵)

۱۸۵۷ء کے بعد کا نازک وقت جب آزادی کے نام پر زبان کٹ جاتی تھی، حاکم کی زبان ہی قانون تھی اور مسلمانوں کو مجرم قرار دینے کے لیے صرف مسلمان ہونا کافی تھا، کسی ثبوت کی ضرورت نہ تھی۔ انھوں نے ''اسبابِ بغاوتِ ہند'' لکھ کر (۵۶) اس جنگ کے اسباب گورنمنٹ پر ظاہر کرنا ملک وقوم اور خود گورنمنٹ کی خیرخواہی سمجھا اور دُور اندیشی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اسے ملک میں عام شائع نہیں کیا بلکہ اس کی کاپی گورنمنٹ کو بھیجی۔ (۵۷) یہ کتاب اس وقت جنگ آزادی کا تجزیاتی مطالعہ تھا (۵۸) جو سرسیّد نے ''منطقیانہ استدلال اور عقلی تجزیے'' کے ساتھ کیا تھا۔ (۵۹) انھوں نے اس تجزیاتی مطالعے میں اس وقت کے حالات کو بہت سی باتوں کا نتیجہ کہا جن میں نظامِ حکومت اور قانون ساز جماعت میں ہندوستانیوں کو شریک نہ کرنا، گورنمنٹ کی مذہبی مداخلت کا گمان ہونا، گورنمنٹ افسران کا مشنری کاموں میں روپیا دینا، مشنری اسکولوں اور دیہاتی مدارس میں جدید طریقۂ تعلیم کو اور عیسائیت کی اشاعت کا ذریعہ بنانا، ایسے آئین وضوابط اور طریقہ کار کا جاری ہونا جو ہندوستانی حکومت اور ہندوستانیوں کی عادات کے موافق نہیں تھے۔ مثال کے طور پر ایکٹ ۲ ۱۸۵۰ء کا نفاذ جس کی رو سے عیسائی مذہب قبول کرنے والے آبائی ترکہ حاصل کرسکتے تھے یا قوانین ضبطی آراضی لاخراج مجریہ ۱۸۱۹ء قانون اسٹامپ وغیرہ، حکام کی سخت مزاجی اور بدزبانی، ہندوستانیوں کی بے توقیری اور عزت کا نہ ہونا، سور یا گائے کی چربی کی شے والے کارتوس کے معاملے پر بارک پور کی پوری پلٹن کو موقوف کرنا اور اسی حوالے سے میرٹھ میں سپاہیوں کو انتہائی سخت سزاؤں کا دینا وغیرہ (۶۰) پھر جب اس سانحے کے بارہ سال بعد ۱۸۶۹ء میں سرسیّد لندن گئے تو اس وقت سرجان کے ای (۶۱) اس حوالے سے انتہائی اہم محقق سمجھے جاتے تھے اور وہ اپنی تحقیق سے اس نتیجے پر پہنچے تھے کہ ''یہ صرف ایک فوجی بغاوت نہ تھی'' انھوں نے ۳۰/نومبر ۱۸۶۹ء کو سرسیّد کو ایک خط لکھا، سرسیّد نے ان کی رائے سے متاثر ہوئے بغیر اس کا انگریزی میں ۱۴/دسمبر ۱۸۶۹ء کو جواب دیا (۶۲) اور کہا:

"غدر عوامی بغاوت نہیں تھی۔"

مزید کہا:

> فوجی بغاوت کی اصطلاح اس بارے میں استعمال کرنا حقائق سے تجاوز کرنا ہے۔ چربی والے کارتوس کے حوالے سے مذہبی رُجحانات کے باوجود میرٹھ میں سخت سزاؤں کا عائد کرنا تھا۔(۶۳)

سرسیّد نے انگریزوں کی نفرت میں کمی کے لیے انگریزی اور اُردو میں "لائل محمڈنز آف انڈیا"(۶۴) (وفادار مسلمانانِ ہند) لکھی۔ اس کتاب میں انھوں نے اپنی جان کو خطرے میں ڈال کر ۱۸۵۷ء کے نازک وقت میں انگریزوں کا ساتھ دینے والے مسلمانوں کا ذکر کیا۔(۶۵) "تبئین الکلام" کے نام سے انجیل کی تفسیر لکھ کر اسلام کے متعلق عیسائیوں کی بدگمانیاں بھی دُور کیں اور مسلمانوں کی بائبل کے حوالے سے تحریفِ لفظی کے خیال اور عیسائی حکمرانوں کے حوالے سے تعصّبات دُور کیے۔(۶۶) ولیم میور جس نے "لائف آف محمد"(۶۷) لکھ کر مسلمان علما کے اقوال و دلائل کو خوبی کے ساتھ اسلام ہی کے خلاف استعمال کیا۔ اس کے جواب میں "خطباتِ احمدیہ" لکھی اور علمی تحقیقات اور استدلال سے ان تمام اعتراضات کے جواب دیے جو عام طور پر عیسائی اسلام پر کیا کرتے تھے۔ مثال کے طور پر غلامی کا رواج، جہاد، تعدادِ ازواج، طلاق، نبی کریم ﷺ کی کثرتِ ازواج، معجزات جن میں معراج اور شق صدر وغیرہ شامل تھے۔(۶۸)

"خطباتِ احمدیہ" کے بارے میں سرسیّد خود کہتے ہیں:

> ۱۸۷۰ء میں جب کہ خطباتِ احمدیہ چھپ کر لندن میں شائع ہوئی تو اس پر لندن کے ایک اخبار میں کسی انگریز نے لکھا تھا کہ عیسائیوں کو ہوشیار ہوجانا چاہیے کہ ہندوستان کے ایک مسلمان نے ان ہی کے ملک میں بیٹھ کر ایک کتاب لکھی ہے جس میں اس نے دکھایا ہے کہ اسلام ان داغ دھبوں سے پاک ہے جو عیسائی اس کے خوش نما چہرے پر لگاتے ہیں۔(۶۹)

اس وقت جدید علوم کا لٹریچر انگریزی میں تھا اور مسلمان انگریزی تعلیم یا انگریزوں کی کوئی بھی چیز اپنانا اپنے ایمان کا متاثر ہونا خیال کرتے تھے۔ وہ انگلستان گئے، انگریز کی ترقی کے اسباب پر غور کیا۔ وہاں کے تعلیمی نظام کا جائزہ لیا۔ اپنے ہاں اداروں کا قیام عمل میں لائے۔ انھوں نے مسلمانوں میں جدید علوم کے خلاف نفرت کا خاتمہ کرنے کے لیے مختلف علمی، ادبی اور سیاسی خدمات انجام دیں۔ فلسفہ، سائنس اور جدید لٹریچر کو ملکی زبان میں ترجمے کے لیے "سائنٹفک سوسائٹی" قائم کی۔ اس سوسائٹی کے کام کی رفتار کو موثر بنانے کے لیے "علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ گزٹ" کے نام سے اخبار نکالا جس کا افتتاحیہ اور دیگر معاشرتی، سیاسی، علمی اور اخلاقی موضوعات پر خود مقالات لکھتے رہے۔ ۸؍جنوری ۱۸۷۷ء وہ علی گڑھ کالج کا قیام عمل میں

لائے۔ اس کے کچھ ہی عرصے بعد ۱۸۸۶ء میں مسلم ایجوکیشنل کانفرنس جیسا ادارہ قائم کیا، قومی بیداری کے لیے ہی ایک جریدہ ''تہذیب الاخلاق'' کا اجرا کیا۔(۷۰) سیاست دان، مذہبی مفکر، معاشرتی مصلح اور رہنما ہونے کے ساتھ ساتھ وہ ایک صاحبِ طرز ادیب بھی تھے۔(۷۱) انھوں نے اپنے زمانے کے مصنفوں اور ادیبوں کو اپنے نظریات و خیالات سے بے حد متاثر کیا، یہاں تک کہ مخالفین بھی متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔(۷۲)

۱۸۵۷ء کے بعد دس سال تک سرسیّد نے جتنے بھی کام کیے اس میں مسلمان اور ہندو دونوں شریک تھے مثال کے طور پر ''مرادآباد کا یتیم خانہ، غازی پور کا مدرسہ، سائنٹفک سوسائٹی، برٹش انڈین ایسوسی ایشن، علی گڑھ کالج، صوبہ جات متحدہ میں تعلیمی کمیٹیاں وغیرہ'' مگر مسلمانوں اور ہندوؤں میں پھوٹ ڈالنے کے لیے جو خاص تدابیر اختیار کی گئیں وہ زیادہ تر اسکول اور کالجوں میں کامیاب ہوئیں۔ ۱۸۶۷ء میں اُردو اور ہندی کا جھگڑا شروع ہوا۔ بنارس اور الٰہ آباد میں ہندی کمیٹیاں قائم ہوئیں اور پھر دیگر صوبہ جات میں وسیع پیمانے پر تحریک شروع ہوئی وہ یہ کہ عدالتی اور سرکاری کاغذات میں ہندی زبان اور ہندی رسم الخط کا استعمال کیا جائے اس وقت سرسیّد نے کہا:

> یہ پہلا موقع تھا جو مجھے یقین ہوا کہ اب ہندو اور مسلمانوں کا بطور ایک قوم ساتھ چلنا مشکل ہے...... انھی دنوں میں جب کہ یہ چرچا بنارس میں پھیلا، ایک روز مسٹر شیکسپیئر سے جو اس وقت بنارس میں کمشنر میں تھے، مسلمانوں کی تعلیم کے باب میں کچھ گفتگو کر رہا تھا اور وہ متعجب ہوکر میری گفتگو سن رہے تھے، آخر انھوں نے کہا کہ آج یہ پہلا موقع ہے کہ میں نے تم سے خاص مسلمانوں کی ترقی کا ذکر سنا ہے اس سے پہلے تم ہمیشہ عام ہندوستانیوں کی بھلائی کا خیال ظاہر کیا کرتے تھے، میں نے کہا کہ اب مجھے یقین ہوگیا ہے کہ دونوں قومیں کسی کام میں دل سے شریک نہ ہوسکیں گی۔ ابھی تو بہت کم ہے آگے آگے اس سے زیادہ مخالفت و عناد ان لوگوں کے سبب جو تعلیم یافتہ کہلاتے ہیں بڑھتا نظر آتا ہے، جو زندہ رہے گا وہ دیکھے گا۔(۷۳)

اس وقت محض اُردو کی مخالفت سے ہندو اور مسلمان دو مختلف اقوام ہوئیں اور دو قومی نظریے کی بنیاد پڑی اور یہی نظریہ بعد میں پاکستان کی بنیاد بنا(۷۴) مگر انھوں نے ''مسلمانوں کے لیے جو راہ تجویز کی تھی وہ صحیح تھی اور تلخ تجربوں'' کے بعد اسی راہ پر چلنے کی اہمیت محسوس کی گئی۔(۷۵) سرسیّد دُنیا میں اپنا کام پورا کرکے ۲۷/مارچ ۱۸۹۸ء کو رُخصت ہوگئے۔(۷۶) برطانوی حکومت کی طرف سے بھیجے جانے والے آخری وائسرائے ہند لارڈ ماؤنٹ بیٹن کے وقت میں تقسیمِ ہند کے معاملات عمل میں آئے(۷۷) اور ۱۴/اگست ۱۹۴۷ء کو آزادی کی ایک طویل جدوجہد کے بعد ''اسلامی جمہوریہ پاکستان'' کا قیام عمل میں آگیا۔(۷۸)

دوسری عالمی جنگ (۷۹) کے بعد دُنیا نے روس امریکا سرد جنگ کا سامنا کیا۔ امریکا پوری دُنیا میں برطانیہ کی

روایتی جگہ کے حصول کے لیے باقاعدہ سرگرم دکھائی دیا۔نوآبادیاتی نظام کا خاتمہ تو ہوا مگر نوآزاد اقوام نے نوآبادیاتی سیاست کی ایک نئی شکل کا سامنا کیا یہ سفر تشدد سے دھوکا دہی اور مکاری کی پالیسی کی طرف انتقال کا سفر تھا۔اب نوآزاد ممالک پر ترقی کا سرمایہ دارانہ انداز مسلّط کیا جاتا رہا جس کے کئی طریقے تھے۔نوآبادیاتی جنگیں،فوجی بلاک، سازشیں، دہشت گردی،تخریبی کاروائیاں، معاشی دباؤ، غلام بنانے والی امداد،قومی سرمایہ دار طبقے کو اپنے ساتھ ملانا،قومی تحریکِ آزادی میں پھوٹ کی کوششیں، مقامی رجعت پرست قوتوں سے گٹھ جوڑ، ترقی پذیر ممالک کی دست نگری سے فائدہ اُٹھانا وغیرہ، مگر امریکی ایجنسی برائے بین الاقوامی ترقی کے سابقہ ڈائریکٹر فاؤلر ہیملٹن کے بقول ''امداد'' سرد جنگ کا سب سے موثر ہتھیار تھا کیوں کہ قرض دینے والے ممالک لینے والے کی سیاسی آزادی اور قومی خودمختاری پر اثرانداز ہوتے ہیں اور وہ ان کی مرضی کے بغیر قومی اور بین الاقوامی پالیسی مرتب نہیں کرسکتے۔یہ استعماراتی نفسیات کے مالک ممالک طفیلی ممالک سے اپنے استعماراتی مقاصد کی تکمیل کے لیے مخصوص افراد کی خدمات حاصل کرتے ہیں اور یہ افراد معاشی غارت گر یا اکنامک ہٹ مین یا ای۔ایچ۔ایم[(۸۰)] کہلاتے ہیں۔اس وقت دُنیا بھر میں یہ معاشی غارت گر عالمی مالیاتی اداروں کا استعمال کرتے ہوئے ایسی صورت حال پیدا کرتے ہیں کہ دیگر اقوام ان کے بینک،حکومت اور بڑی بڑی کارپوریشنوں کو چلانے والی اشرافیہ کے آگے گھٹنے ٹیکنے پر مجبور ہوجاتی ہیں۔بظاہر یہ دوسری اقوام پر احسان کرتے ہیں،معاشی انفراسٹرکچر،بجلی پیدا کرنے والے پلانٹ، سڑکیں، بندرگاہیں، ہوائی اڈّے اور صنعتی علاقے مہیّا کرنے اور ترقی دینے کے لیے قرضے فراہم کرتے ہیں مگر تمام منصوبوں پر عمل درآمد کے لیے قرضے فراہم کرتے ہیں مگر تمام منصوبوں پر عمل درآمد کے لیے شرط یہ ہوتی ہے کہ یہ تعمیراتی کام انھی کی انجینئرنگ اور تعمیراتی کمپنیاں کریں گی اس طرح قرضوں کی رقم کا زیادہ حصّہ ان کے ملک سے باہر نہیں جاتا ہے۔اقوامِ متحدہ میں مقروض ملک کا ووٹ ان کے قابو میں آجاتا ہے، ان کی زمین پر فوجی اڈّوں کا قیام عمل میں لایا جاتا ہے، وہاں کے قدرتی وسائل پر قبضہ کیا جاتا ہے اس کے باوجود مقروض ملک کے ذمّے سود کے ساتھ اصل رقم برقرار رہتی ہے۔[(۸۱)]

اس وقت دُنیا رُوس، امریکا سرد جنگ کے نتائج بھی دیکھ کر (۸۲) نئے امریکی عالمی فرمان[(۸۳)] کا سامنا بھی کرکے اکیسویں صدی میں داخل ہوچکی ہے۔۱۱رستمبر ۲۰۰۱ء کے حادثے[(۸۴)] کے بعد امریکی صدر جارج ڈبلیو بش نے امریکی قوم سے خطاب میں ان حملوں کو قومی المیہ اور دہشت گردی قرار دیتے ہوئے[(۸۵)] ۱۶رستمبر ۲۰۰۱ء کو دہشت گردی کے خلاف صلیبی جنگ کے آغاز کی خبر دے کر[(۸۶)] تحقیقات کیے بغیر مسلمانوں کو اس کا ذمّے دار قرار دیا[(۸۷)] القاعدہ کو ملوث قرار دے کر کہا کہ دہشت گردی کا یہ کیمپ افغانستان میں قائم ہے اور اسے طالبان کی حمایت حاصل ہے اور دُنیا بھر میں اس کی شاخیں موجود ہیں[(۸۸)] پاکستان کو تعاون کا حکم نامہ دیا اور اس حوالے سے پاکستانی صدر پرویز مشرف نے اتحادی بننے کا فیصلہ کیا[(۸۹)] تجزیہ نگاروں کے مطابق ان کے لیے کوئی راستہ چھوڑا ہی نہیں گیا تھا اور بالکل واضح تھا کہ پاکستان اس جنگ میں یا اتحادی ہے یا نشانہ۔[(۹۰)]

نائن الیون نے امریکا کو پوری دُنیا پر جنگ مسلّط کرنے کا موقع دیا۔اکتوبر ۲۰۰۱ء کو امریکی صدر جارج ڈبلیو بش

کی تجویز و تحریک پر افغانستان کو مرکز جان کر ساری دُنیا سے عالمی دہشت گردی، تخریب کاری، مذہبی انتہا پسندی، اسلامی بنیاد پرستانہ جہادی سرگرمیوں، طالبان، ملاعمر، اسامہ بن لادن اور القاعدہ نیٹ ورک کی فکر کے خاتمے کے لیے تیسری عالمی جنگ چھیڑنے کا اعلان با قاعدہ افغانستان پر بمباری سے کر دیا گیا۔(۹۱) ''امریکا کو ورلڈ ٹریڈ سینٹر کا سانحہ ایک پیکج کے طور پر ملا۔ اس میں پالیسیاں، گڑبڑ اور جذبات سے کھیلنے کا عمل شامل تھا'' اور کسی شرم کے بغیر جارج ڈبلیو بش کے سیاسی کیریئر کو آگے بڑھانے کے لیے اس کا بار بار استعمال کیا گیا(۹۲) جب کہ اس وقت امریکی تحقیقاتی اداروں کا یہ فرض تھا کہ اس حادثے کے عوامل داخلی سطح پر بھی تلاش کیے جاتے(۹۳) اور اس سانحے کو بنیاد بنا کر انسان دُشمن قوتوں کے مقابلے میں اقوامِ عالم کو متحد کیا جاتا مگر کہا گیا کہ ''اگر تم ہمارے ساتھ نہیں ہو تو تم دہشت گردوں کے حامی ہو'' دُنیا نے دہشت گردی کے خلاف شروع کی جانے والی اس مہم کے بہت کم فائدے اور بے پناہ نقصانات دیکھے۔ اس کے تحت امریکا نے دُنیا کے بڑے مذہب اسلام کے پیروکاروں کو مشتبہ، دہشت گرد اور متشدد کہا۔ اس کے علاوہ شہری آزادیوں کو کچلا گیا، مسلمانوں کی گرفتاریاں عمل میں لائی گئیں۔ بگرام، گوانتانامو بے اور ابوغریب کی جیلوں میں تذلیل اور تشدد کیا گیا۔(۹۴)

ماضی میں سرسیّد احمد خان نے کہا تھا:

> اے حضرت! گو میں نے اس وقت قوم ہی کا گیت گایا ہے مگر اس سے یہ نہ سمجھا جائے کہ ہم کو اور قوموں سے محبت اور برادرانہ محبت نہیں ہے۔ ہماری قوم کی حالت خراب ہے اسی لیے اس کا گیت گایا جاتا ہے ورنہ اور قوموں سے بھی ایسی ہی محبت رکھتے ہیں جیسی اپنے عزیزوں سے۔(۹۵)

